Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## پاکستان تحریک انصاف کا ملک بھر میں آئین و قانون کو پامال کرنے کا سلسلہ ترک کرکے آئین کی فوری بحالی کا مطالبہ

رجیم چینج سازش سے لے کر مینڈیٹ چوری تک کے سفر کے دوران ملک میں آئین وجمہوریت کے قتلِ عام کا ایک نہ رکنے والا سلسلہ نظام کو پوری طرح بے نقاب کرچکا ہے، گزشتہ دو سالوں کے دوران شہریوں کو آزادیِ اظہارِ رائے سے لے کر حقِ رائے دہی سے محروم کرنے کیلئے ہر قسم کا غیر آئینی، غیر اخلاقی اور غیر جمہوری حربہ استعمال کیا گیا، عوام کے مسترد شدہ مجرموں کو ایک بار پھر مسلط کرنے کیلئے ملک کو لاقانونیت کی آماجگاہ بنادیا گیا ہے، وفاقِ پاکستان کی سب سے بڑی اور مقبول ترین سیاسی جماعت کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان کو تاریخ کے بدترین انتقام کی بھینٹ چڑھاتے ہوئے غیر آئینی و غیر قانونی سزائیں سنائی گئیں،

9 مئی کے بعد سے تحریک انصاف کے خلاف جاری ریاست کے ماورائے آئین و قانون اقدامات میں 8 فروری کے عوامی فیصلے کے بعد بھی وہی شدت موجود ہے، بزرگ قائدین اور خواتین کارکنان سمیت تحریک انصاف کے دس ہزار سے زائد کارکنان آج تک جیلوں میں قید، انصاف و حقوق سے مکمل طور پر محروم ہیں،

بانی چیئرمین عمران خان کے عزم اور حوصلے کو پست کرنے کیلئے تمام اوچھے ہتھکنڈوں کی ناکامی کے بعد ان کی باپردہ اور نیک اہلیہ کو ریاستی عتاب کا نشانہ بنایا جارہا ہے، عمران خان کو اس بوسیدہ نظام کے آگے جھکانے کیلئے بنی گالہ میں ناحق قید سابق خاتونِ اول محترمہ بشریٰ بی بی کی صحت اور زندگی کو سنگین خدشات لاحق کیے جارہے ہیں، دستور کی معین کردہ 90 روزہ مدت میں عام انتخابات کا انعقاد نہ کرواکر آئین شکنی کے مرتکب عناصر ایک مرتبہ پھر آئین کو پیروں تلے روندتے ہوئے پی ڈی ایم ٹو کا تماشا رچانے جارہے ہیں،

تحریک انصاف کو 'بلے' کے نشان سے محروم کرنے سمیت انتخابی عمل سے باہر کرنے کی تمام تر مذموم کوششوں کے باوجود عوام نے عمران خان کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے دو تہائی اکثریت سے نوازا، رات کی تاریکی میں عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالنے والے مسترد شدہ اور خوفزدہ عناصر بددیانت الیکشن کمیشن کی معاونت سے مخصوص نشستوں کے آئینی حق پر ڈاکہ ڈالنے کا منصوبہ بنا رہے ہیں،

پنجاب اور سندھ اسمبلی کے بعد قومی اسمبلی کا غیر آئینی اجلاس بلانے کی کوششوں پر عدلیہ اور قانونی برادری کی خاموشی آئین اور جمہوریت کیلئے نقصان دہ ہے، عدالتِ عظمیٰ سے استدعا ہے کہ ملک میں آئین، قانون اور جمہوریت کے قتلِ عام کا فوری نوٹس لیا جائے اور آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی کے لئے مؤثر اقدامات کیے جائیں،

عوام کے مینڈیٹ اور فیصلے کی روشنی میں ان کے ہردلعزیز قائد اور بانی چیئرمین عمران خان سمیت دیگر رہنماؤں اور کارکنان کو ناحق قید سے فوری رہا کیا جائے اور عوام کی چنی ہوئی قیادت کو حقِ حکمرانی دیا جائے، عوامی مینڈیٹ کی توہین کرکے ملک کو مسترد شدہ مجرموں کے حوالے کرنے کی غیر آئینی کوششوں کے ملک اور معیشت کیلئے نہایت منفی اور سنگین نتائج ہوں گے،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ